سینیٹر محسن عزیز: جناب والا! میں اب motion پر بات کرتا ہوں جو آج کا subject matter ہے۔ مجھے معلوم نہیں کہ میں کہاں سے شروع کروں، کہاں پر ختم کروں، باتیں زیادہ ہیں، وقت کم ہے۔ بات یہ ہے کہ یہاں پر سننے والے کم بیٹھے ہیں کیونکہ ان کو بھی معلوم ہے کہ معیشت کا ہم نے کیا حشر کر دیا ہے۔ اس لیے سننے کے لیے بھی دل چاہیے، حوصلہ چاہیے جو میں سمجھتا ہوں کہ حکومتی بنچوں میں کم ہے۔ اس لیے آپ دیکھتے ہیں چار آدمی بیٹھے ہیں باقی نہیں ہیں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آج تو ان کے مطابق بہت اہل لوگ، بہت سمجھدار لوگ، معیشت کو سمجھنے والے لوگ اور اس پر عبور رکھنے والے لوگ یہاں پر بیٹھے ہیں۔ ہم چالیس پینتالیس سال سے اس ملک کا جو حشر دیکھ رہے ہیں۔ ویسے تو یہ انہی پارٹیوں کی بدولت ہے جو آج ہم یہاں پر پہنچے ہیں۔ ہمیں تو کہا گیا تھا کہ پاکستان کو ایشین ٹائیگر بنا دیا جائے گا۔ ایشین ٹائیگر تو چھوڑو ہم ایشین بلی بھی نہیں بن سکے۔ آج ہمارے مقابلے میں جو لوگ ہیں، ہمارے مقابلے میں جو ممالک تھے، جب ہم نے ایشین ٹائیگر کا نعرہ لگایا تھا، ویت نام کی آپ مثال لے لیں، آپ تھائی لینڈ کی مثال لے لیں، آپ بنگلا دیش کی مثال لے لیں، آپ کوریا کی مثال لے لیں، آپ ملائیشیا کی مثال لے لیں یہ وہ لوگ تھے جو ہم سے نیچے تھے۔ ہماری معیشت ان سے بہتر جا رہی تھی لیکن چالیس پینتالیس سالوں میں ان اہل لوگوں نے جو اپنے آپ کو اہل کہتے ہیں انہوں نے ملک کو یہاں تک پہنچایا۔

جناب والا! آج اگر میں بات کروں تو میں صرف پانچ مہینوں کی بات کرنا چاہتا ہوں، بارہ جماعتی بلکہ تیرہ جماعتی اہل لوگ ایک طرف بیٹھے ہیں جو کہ ہمیں نااہل کہتے تھے۔ انہوں نے ایسے ریکارڈ قائم کئے ہیں جس کا اگر یہاں پر ذکر نہ کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ زیادتی ہو جائے گی۔ انہوں نے ایسے ریکارڈ قائم کئے کہ پچیس کلومیٹر کی حکومت میں ماشاء اللہ ایک طرف تو زہر کھانے کے لیے پیسے نہیں ہیں۔ ایک طرف 72 وزراء رکھے ہوئے ہیں۔ اب زہر کھانے کے پیسے اس لیے نہیں ہیں کہ ان کو کھلائیں یا زہر کے لیے پیسے دیں۔ 72 وزراء کی جو گاڑیاں ہیں، ان کا جو لین دین ہے، ابھی تو کابینہ میں بیٹھنے کی جگہ نہیں ہے۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ آپ کو اب ایک نیا Cabinet Room بنانا پڑے گا کیونکہ 72 وزراء کو کہاں بٹھایا جائے گا۔

جناب والا! میں یہ کہتا ہوں کہ 72 وزراء تو ایک طرف، اس کے علاوہ جو پارلیمانی سیکرٹری ہیں، کمیٹیوں کے چیئرمین ہیں، پیچھے رہ کون گیا۔ جتنے کے جتنے حکومت میں ہیں وہ تمام کے تمام

مراعات یافتہ ہیں۔ دوسری طرف آپ دیکھیں پانچ مہینے میں تقریباً ستر روپے ڈالر کا فرق آگیا ہے۔ تقریباً 172 پر تھا جواب 240 ,235 پر آگیا ہے۔ بجلی کی قیمت جو تھی نااہل لوگوں کی حکومت میں، جن کو یہ نااہل کہتے تھے یہ اٹھارہ روپے تھی، آج یہ کتنے پر چلی گئی ہے؟ چالیس روپے پر چلی گئی ہے۔ وہ نااہل لوگ ہیں یہ اہل لوگ ہیں، ہم تو نااہل تھے۔ ہمارے وقت میں جو گیس کی قیمت تھی وہ آپ نے چالیس فیصد زیادہ کر دی ہے۔ پٹرول اسی طریقے سے جو 145 ,150 روپے پر تھا آج 240 روپے پر چلا گیا ہے۔ آٹا جو پچپن روپے کلو تھا آج 110 روپے میں میسر نہیں ہے۔ دودھ 80 روپے سے 130 پر چلا گیا۔ اسی طریقے سے آپ دیکھیں تمام کھانے پینے کی چیزیں ہیں جن پر لوگوں کا روزانہ کا گزارہ ہے وہ ڈبل سے بھی زیادہ ہو گئی ہیں ۔ ابھی آپ mark-up جو interest rate ہے اس کی مثال لیں وہ 9% سے 15% تک چلا گیا ہے، ہمارے جو deposits تھے وہ ہم 16 billions پر چھوڑ کر گئے تھے، اللہ معاف کرے نااہل حکومت، یہاں پر ترین صاحب تشریف فرما ہیں وہ 8 billion پر آگیا ہے، GDP جو 6% پر چل رہی تھی وہ آج 2% کہا جا رہا ہے جو کہ 2% پر نہیں آئے گی، inflation جو 12% پر تھی آج record اگر month on month لیں تو 28% اگر aggregate لیں تو 40% کی inflation ساڑھے پانچ مہینوں میں آئی ہے جو کہ پچھلے چالیس سالوں میں سب سے زیادہ ہے، چالیس سالوں کی inflation ایک طرف اور ساڑھے پانچ مہینوں کی inflation ایک طرف۔ ابھی تو 1.17 billion کا loan صرف آپ کے پاس آیا ہے، جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ 5 billion dollar ہمارا ہر مہینے کا جو current account deficit آرہا ہے، اسی طریقے سے ایک سے ڈیڑھ بلین ہمارا مہینے کا budget deficit آرہا ہے یہ آج کے حالات ہیں، آپ کہاں پر جا کر اس کو پورا کریں گے؟ جناب چیئرمین! اگر میں ان چیزوں کی تفصیل بیان کرنے لگ جاؤں تو میرے خیال سے اگلا ایک گھنٹہ گزر جائے گا۔

جناب چیئرمین: ختم کرنے کا شکریہ۔

سینیٹر محسن عزیز: نہیں، نہیں میرے پانچ منٹ علیحدہ تھے، یہ پندرہ منٹ مجھے علیحدہ دے دیں۔

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں پندرہ منٹ نہیں، دس منٹ۔

سینیٹر محسن عزیز: 6.6 trillion rupees صرف dollar کی وجہ سے جو کہ 100 billion dollar بنتا ہے، یہ ہمارا ایک نقصان آگیا، 160 textile mills اس وقت بند ہو چکی ہیں، ہر textile mill میں 150 سے 2000 آدمی کام کرتے ہیں، ڈھائی سے تین لاکھ آدمی بیروزگار ہو چکے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں یہ جو deficit ہے اس کو پورا کرنے کے لیے تیس بلین ڈالر کی ضرورت ہے، آج اگر ایک خاندان صرف اور صرف 40 روپے کی روٹی لے اور پانچ افراد ہوں وہ صرف ٹماٹر اور پیاز کے ساتھ دو وقت کی روٹی کھائیں، صرف دو وقت کی روٹی کھائیں، کوئی بجلی، گیس کا بل نہ دیں، کوئی دوائی نہ لیں اور کچھ بھی نہ لیں تو اس کا بجٹ صرف بیس ہزار روپے میں پورا ہو جاتا ہے، یہاں پر انہوں نے عجیب کمال کیا ہے، انہوں نے chapter-84 and 85 پر machinery کو ban کر دیا ہے۔ 10000 dollar کے اگر آپ spare parts منگوانا چاہتے ہیں تو آپ کو State Bank سے اجازت لینی پڑتی ہے اور سفارش کرنی پڑتی ہے۔ ایک طرف تو یہ حال ہے اور دوسری طرف آپ شیمپو بھی چھوڑ رہے ہیں، دوسری طرف آپ cosmetics بھی چھوڑ رہے ہیں، وہ آنے دے رہے ہیں، اسی طرح آپ dog food بھی چھوڑ رہے ہیں، اس کے ساتھ آپ کا جو wagyu beef آتا ہے جو کہ امراء کھاتے ہیں وہ بھی شاید آپ کو ضرورت ہے، وہ بھی چھوڑ رہے ہیں، مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ ہم کس طرف جا رہے ہیں۔ میں تو صرف یہی کہوں گا دشمنوں نے جو دشمنی کی ہے دوستوں نے کیا کمی کی ہے؟ آپ دوست ہیں آپ نے کیا کمی چھوڑ دی ہے؟ پاکستان کے لیے آپ نے کیا کوئی کمی چھوڑ دی ہے؟ میں صرف یہاں پر تھوڑی سی بات یہ کرنا چاہتا ہوں کہ آج سے پہلے یہ تھا کہ Prime Minister صاحب بھی بڑے confuse تھے کہ وہ نکے کی بات مانیں جنہوں نے استعفیٰ دے دیا ہے یا وہ نکے کی بات مانیں جو کہ ان کے رشتہ دار ہیں یا اپنی بات مانیں اور یا وہ وڈے کی بات مانیں جو کہ وہاں لندن میں بیٹھے ہیں اور یا پھر وہ امریکہ کی بات مانیں، اس confusion میں یہ ہوا ہے کہ پاکستان کا دیوالیہ نکل گیا ہے، اس confusion میں یہ ہوا ہے کہ ہم دن بدن نیچے جاتے جا رہے ہیں۔ ہم جو بے کار لوگ تھے، ہم نے احساس پروگرام دیا تھا، ہم جو بے کار لوگ تھے، ہم نے صحت کارڈ دیا تھا، ہم جو بے کار لوگ تھے ہم نے کامیاب جوان کا پروگرام دیا تھا، ہم نے export بڑھائی تھی، ہم نے industry بڑھائی تھی، ہم نے remittances بڑھائے تھے، ہم نے construction

industry جو کہ mother of industries ہے اس کو کیا تھا۔ آج کیا ہو رہا ہے؟ آج cement کی sales بھی 14% گر گئی ہے، آج کیا ہوا ہے کہ steel sector بھی 20% گر گیا ہے۔ جناب والا! ہم نے یہ سنا تھا ایک زرداری سب پر بھاری لیکن ایک زرداری (ن) پر تو بھاری آگیا، انہوں نے سارا کا سارا ان کے حوالے کر دیا اور انہوں نے حکومت کا بیڑا غرق کر دیا، وہ election ان کا stunt تھا وہ لے کر آگے چل پڑے ہیں۔

Mr. Chairman: Thank you Sir.

سینیٹر محسن عزیز: اب ہمیں صرف یہ بات کرنی ہے، دیکھیں ہمیں باتیں تو بہت کرنی تھیں مگر میں یہ کہوں گا

گماں تم کو کہ رستہ کٹ رہا ہے
یقین مجھ کو کہ منزل کھو رہے ہو

میں آخر میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں، ایک بڑا اچھا quote ہے، جب queen Elizabeth کو قبر میں اتارا جا رہا تھا تو Arch Bishop نے بہت ہی خوبصورت یہ quote کیا تھا، اس نے بولا now let us remove all the symbols of power from the coffin so that our sister Elizabeth can be committed to the grave as simple Christian ہر ایک نے قبر میں جانا ہے، ہم نے بھی قبر میں جانا ہے اور ہم نے قبر میں جا کر اللہ تعالیٰ کو جواب دینا ہے، اس وقت ملک کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے کہ ایک طرف سیلاب سے لوگ مر رہے ہیں، دوسری طرف آپ جا کر 10000 dollar per day room میں stay کر رہے ہیں، کیا یہ عمران خان سے سبق نہیں لیتے؟ جو وہاں جا کر embassy میں رہا تھا۔

Mr. Chairman: Thank you Sir.

سینیٹر محسن عزیز: کم از کم اتنا سبق تو لے لیں، آپ نے وہاں جا کر بات سیلاب سے شروع کی، آپ پر لوگ ہنستے ہیں تب ہی تو آپ کو کوئی پیسے دینے کو تیار نہیں ہیں، یہاں پر foreign dignitaries آئے ہوئے ہیں اور آپ وہاں جا کر عیاشی کر رہے ہیں، خدارا اس ملک پر رحم کریں، آپ کے پاس صرف ایک ہی solution ہے اور وہ solution یہ ہے کہ public میں چلے جائیں اور جا کر ان سے پوچھیں کہ وہ کس کو چاہتے ہیں، جس کو چاہتے ہیں election کروائیں،

election کروانے سے آپ کیوں خائف ہیں، صرف اس لیے خائف ہیں کہ آپ کو معلوم ہے کہ اس وقت پاکستان میں صرف ایک ہی leader ہے جس کا نام عمران خان ہے اس کو پذیرائی حاصل ہے، وہ عمران خان ہیں جس کو لوگ پسند کرتے ہیں، اس سے لوگ محبت کرتے ہیں، اس لیے محبت کرتے ہیں کہ اس کی policies غریب پرور policies تھیں، اس کی policy وہ policy تھی جس سے غریب کو فائدہ ہوا، وہ امیر کے ساتھ نہیں تھے۔۔۔

جناب چیئرمین: شکریہ، معزز سینیٹر محمد طاہر بزنجو صاحب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اس کے بعد آپ کی باری ہے، اب کام 2,1 پر چلا گیا۔

Senator Muhammad Tahir Bizinjo

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: شکریہ، جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے تو یہ کہنا نہایت ضروری سمجھتا ہوں کہ جب تک ملکی سیاستدان، سیاسی اشرافیہ اقتدار کے حصول کے لیے، اقتدار حاصل کرنے کے لیے صرف اور صرف عوام کی طرف نہیں دیکھیں گے، اس وقت تک اراکین پارلیمنٹ، اراکین سینیٹ اور قومی اسمبلی ذلیل و خوار ہوتے رہیں گے، یہ کمزور جمہوریت مزید کمزور ہوتی جائے گی اور جناب چیئرمین! اس کمزور جمہوریت کی موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔ جناب چیئرمین! ہمارے ملک کی تاریخ کا ایک ایک صفحہ اس کی گواہی دینے کے لیے تیار ہے، ہمارے ملک میں وہ سب کچھ ہو سکتا ہے جو بظاہر ناقابل تصور نظر آتا ہے۔

جناب چیئرمین! چونکہ آپ House of the Federation کے محافظ ہیں، مجھے تو اس بات پر حیرانی ہوئی کہ کل سینیٹر سیف کے حوالے سے PTI کے ساتھی جوش خطابت میں آکر آسمان کی بلندیوں تک سفر کر رہے تھے لیکن ان میں سے کسی کو بھی اللہ نے یہ توفیق نہیں دی کہ آپ سے یہ مطالبہ کریں کہ آپ اس ضمن میں ruling صادر کریں۔ میری آپ سے گزارش ہے جناب چیئرمین آپ کے اختیارات ہیں آپ یہ ruling دیں کہ کسی بھی Senator کو آپ کی پیشگی اجازت کے بغیر نہ تو گرفتار کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اس کے گھر پر چھاپہ مارا جا سکتا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ آپ کی اس ruling پر عمل درآمد ہوتا ہے یا نہیں ہوتا ہے؟ یہ سوال کا دوسرا پہلو ہے لیکن کم از کم

اراکین سینیٹ اس بات پر تو خوش ہوں گے کہ آپ نے بطور چیئر مین اپنی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی کے ساتھ نبھایا۔

حالیہ طوفانی بارشوں کے نتیجے میں، ایک آفت کے نتیجے میں مزید آفتوں نے جنم لینا شروع کر دیا ہے، جیسا کہ dengue, ہیضہ، malaria. اگر ان بیماریوں کو روکا نہیں گیا تو جناب چیئر مین اس کے result میں مزید اموات ہو سکتی ہیں اور ہم آئے دن media پر یہ سن رہے ہیں اور ذاتی طور پر بھی کم از کم بلوچستان کا مجھے اچھی طرح علم ہے کہ وہاں پر اموات ہو رہی ہیں۔ بلوچستان پہلے ہی معاشی بد حالی میں ڈوبا ہوا تھا اور رہی سہی کسر ان طوفانی بارشوں نے پوری کر دی۔ بد قسمتی سے بلوچستان میں تو اچھے دنوں میں بھی مسلط کی جانے والی حکومتوں کی کارکردگی نہایت مایوس کن رہی ہے۔ اس لیے وہاں کے بارے میں تو کہا جاتا ہے اور سچ بھی ہے کہ ہمارے ہاں 70% funds اللہ میاں کو پیارے ہو جاتے ہیں، corruption کی نذر ہو جاتے ہیں۔ اب آپ لوگ خود بتائیں کہ ایسے ماحول میں آپ کا امدادی سامان اور رقوم کس طرح اصل مستحقین تک پہنچائیں گے؟

دوسری تکلیف دہ بات یہ ہے کہ ہمارے محترم وزیر اعلیٰ صاحب سیلاب زدگان کی بے بسی پر غم کرنے کی بجائے اپنی کابینہ ممبران کی تعداد بڑھانے میں زیادہ فکر مند نظر آتے ہیں۔ میں مختصر سا کہنا چاہتا ہوں میں نے پہلے بھی کئی بار کہا ہے کہ PDMA, NDMA اس ملک کے نالائق ترین بد نام زمانہ ادارے ہیں اور یہ میں شاعری نہیں کر رہا ہوں میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ میں نے بہت سی آفات میں براہ راست شرکت کی ہے تو خدارا کوئی اور جگہ تلاش کریں۔ ہم نے تو Prime Minister سے بھی یہ ہی گزارش کی تھی کہ آپ کوئی ایسا طریقہ تلاش کریں جس سے امدادی سامان بازاروں کی زینت بننے کی بجائے، اصل مستحقین تک پہنچے۔ Thank you sir.

جناب چیئر مین: سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب۔ List دی ہے Leader of the Opposition نے اسی حساب سے چل رہے ہیں۔ سر حوصلہ رکھیں ادھر ہی بیٹھے ہیں۔ یہ motion پر discussion ہو رہی ہے۔

Senator Muhammad Abdul Qadir

سینیٹر محمد عبدالقادر: (عربی) ہم نے جب سے ہوش سنبھالا ہے یہ سنتے آئے ہیں کہ پاکستان بہت نازک دوراہے سے گزر رہا ہے۔ پاکستان اس وقت financial crisis میں ہے

economic emergency ہے، پاکستان کے حالات درست نہیں ہیں۔ جب سے ہوش سنبھالا پرانی recordings میں دیکھا General Zia, Mian Nawaz Shareef, Benazir Bhutto ہوں یہی ہم سنتے آئے ہیں کہ پاکستان کے financial حالات ٹھیک نہیں ہیں۔ ابھی مجھ سے پہلے جناب شوکت ترین صاحب اور محسن صاحب نے figures and economy پر discussion کی ہے۔ چیئرمین صاحب میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس وقت really ایک ایسی situation ہے کہ ہر آدمی چاہے وہ مالی اعتبار سے بہتر ہو یا وہ middle or lower middle class سے تعلق رکھتا ہو واقعی ایک financial emergency میں ہے، financial crisis میں ہے جس کا یا تو PDM government کو احساس نہیں ہے یا ان کو اس کا ادراک نہیں ہے۔ انہوں نے جب سے حکومت سنبھالی ہے IMF کے پاس بار بار یہ حکومت گئی and ultimately they succeeded in getting a deal from them لیکن انہوں نے اپنا survey ان کو بھیجا اس میں انہوں نے لکھا ہے کہ 2023-2027 تک ان چار سالوں میں trade deficit $80 billion کا ہوگا اور current account deficit $54 billion کا ہوگا۔

میرا سوال ہے حکومت سے یا جو ہماری Finance Minister صاحبہ بیٹھی ہیں وہ plan کرکے بتائیں کہ $54 billion next three to four years میں ملک کو چاہیئے ہوگا اس کا ان کے پاس کیا plan ہے؟ میرا سوال ہے کہ جب budget present ہوا تو انہوں نے debt servicing میں 4000 ارب روپے رکھا لیکن اس وقت dollar کی value 203, 204 روپے تھی۔ اس وقت انہوں نے جو inflation foresee کی تھی وہ 10 to 11% تھی، June کے بعد سے dollar 235, 245, 240 میں چلتا رہا ہے تو کیا 4000 ارب روپے debt servicing کا budget میں رکھا گیا تھا وہ اب کتنا increase ہو گیا ہے اور اگر وہ اتنا increase ہو گیا ہے تو government نے اس سلسلے میں کوئی arrangement کیے ہیں؟ Government کے arrangements نظر نہیں آ رہے کیوں کہ ابھی پچھلے دنوں PSO نے gas and fuel کی مد میں

and they want it back, 100 or 110 دیا ہوا تھا loan کو government ارب روپے اور government ان کو وہ loan واپس کرنا چاہتی تھی لیکن IMF نے اس کو stop کر دیا۔ پھر انہوں نے 60 or 30 ارب روپے واپس کیا اور 30 ارب کا کسی gas company کے loan through دلوایا۔ اب اس وقت جو صورتحال ہے انہوں نے August, September and October میں 6.7 trillion loan لینا تھا، جس میں سے 5.35 trillion تھا اس کے treasury bills and PIBs 3 to 12 months کے تھے۔ 525 ارب روپے اس کے بھی treasury bills and PIBs 5 to 30 years کے against لینا تھا اور 600 billion کے 2 to 10 years کے treasury bills and PIB لینے تھے، جس کا interest rate 14.7% and offer 15.6% کر رہے ہیں۔ انہوں نے petroleum levy بھی رکھا ہوا ہے، budget deficit چار ہزار ارب show کیا گیا تھا، وہ اب پوری طرح سے change ہو گیا ہے۔ ان کے پاس اگلا کیا لائحہ عمل ہے کہ وہ اسے کیسے complete کریں گے، کیسے اس need کو meet کریں گے اور ملک کو کیسے viable کریں گے۔

دوسری بات یہ کرنا چاہتا ہوں ہے کہ تقریباً 25 ارب ڈالر POL and energy کی imports ہیں۔ ہمارے پاس 9 سو کلومیٹر کا ایران کا بارڈر ہے، definitely we know that international sanctions کی وجہ سے ہم ان سے پٹرول، ڈیزل یا LPG import نہیں کر سکتے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ وہاں سے پٹرول یا ڈیزل کی آمد ہوتی ہے، اسے آپ چاہے سمگلنگ کہیں یا porous border کہیں، وہاں سے آمد ہو رہی ہے۔ گورنمنٹ خود اس کی راہنمائی کرے، اسے border system میں لائے، یہاں سے جو چیزیں جانے کی ہیں اس کے لیے ایران کی Ministry of Commerce سے chamber and trade level پر coordinate کریں تاکہ 25 ارب ڈالر کی import کو کم کیا جا سکے۔ اس سلسلے میں ہمیں ڈالر استعمال نہیں کرنا چاہیے تاکہ ہمارے ڈالر پر pressure نہ ہو۔

جناب چیئرمین! میں کہنا چاہتا ہوں کہ جیسے ککر کو چولہے پر رکھ کر نیچے سے فل چولہا جلا دیا جائے اور اس کا safety valve بند کر دیا جائے، اسی طرح سے انہوں نے import کو

curve کر دیا ہے، یہ صرف اس لیے کیا ہے کہ ہمارا ڈالر یا trade deficit کم ہو لیکن انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ گاڑیوں کی importروکنے سے Honda Civic کی قیمت چھ مہینے میں 50لاکھ سے 80لاکھ پر چلی گئی ہے، Suzuki جسے middle classکے لوگ چلاتے ہیں وہ 22لاکھ سے 36لاکھ پر چلی گئی ہے، ایک جیپ نما گاڑی Fortuner ہے، وہ 86لاکھ سے ایک کروڑ چالیس لاکھ پر چلی گئی ہے۔ Mafiaism پورے زوروں پر ہے۔ اگر آپ نے importکو روکا ہے تو جو پاکستان میں کارخانے کام کر رہے ہیں ان پر checkرکھنا چاہیے تاکہ عوام کا خون نہ چوسا جائے۔75ارب ڈالر کی importاسی لیے ہے کہ پاکستان میں جو چیزیں بن رہی ہیں اس کا ,70% 80% industries کا raw material importedہے، ایک لاکھ ڈالر کی LCکھولنے کے لیے بھی آپ State Bankکے پاس جائیں گے، وہ آپ کو ذلیل کرے گا، آپ کی LCنہیں کھولے گا، اس کے paper clearنہیں کرے گا، جس سے آپ کے کارخانے بند ہو رہے ہیں، انڈسٹری میں زبردست قسم کی بے روزگاری آرہی ہے، negative growth rateہے لیکن یہ لوگوں کو سب اچھے کی رپورٹ دے رہے ہیں۔

سینیٹر دلاور خان صاحب، فیصل سلیم صاحب بیٹھے ہیں، انہوں نے ہاؤس میں اپنا point registerکرایا ہے کہ ضلع مردان اور صوابی tobacco growing areaہیں، ان کے ساتھ victimizationوالا سلوک ہو رہا ہے۔ منسٹر صاحبہ موجود ہیں، ہمیشہ یہ ہوتا ہے کہ بازار میں ڈالر ایک دو روپے مہنگا ہوتا ہے لیکن اس مرتبہ بازار میں ڈالر سستا تھا اور بینک LCکھولنے والے کو یا مال منگوانے والے کو ڈالر نہیں خریدنے دیا گیا، وہ کہتا تھا کہ میں خود ڈالر لوں گا، انہوں نے billions and billionsبنائے ہیں اور فنانس منسٹر صاحب اور فنانس منسٹری سوئی ہوئی ہے اور اب eyewashکے لیے ایک inquiry callکر لی ہے اور کہہ رہے ہیں کہ صرف 20ارب روپے کا معاملہ ہے۔ان تین مہینوں میں 15یا 18ارب ڈالر کی importہوئی ہے اور اگر onwardاپریل سے لیں گے تو تقریباً 25,30ارب ڈالر کی importہوئی ہو گی، بینک 10 روپے سے 15,20روپے ہر LCپر blackکر رہا تھا، کوئی اس کا حساب دے گا، inquiryکے بعد انہیں معاف کر دیا جائے گا اور ہمیں کہا جائے گا کہ یہ چھوٹی چھوٹی وجوہات تھیں، ہم نے ان کو چھوڑ دیا ہے۔

جناب چیئرمین: قادر صاحب! windup کریں، دس منٹ ہو گئے ہیں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: ہم صرف یہ نہ کہیں کہ اپوزیشن اور گورنمنٹ کا معاملہ ہے۔ ملک انتہائی حساس وقت سے گزر رہا ہے۔ پٹرول، گیس اور انرجی میں انہوں نے بے حد مہنگائی کر دی ہے اور آگے بھی مہنگائی بڑھنے کے chances ہیں، inflation ہے، sensitive price index کے figures آ رہے ہیں، ان چیزوں کو دیکھتے ہوئے خدارا ہوش کے ناخن لیں، آپ جو سب اچھے کی رپورٹ دے رہے ہیں اس سے باز آئیں اور practical اقدامات کریں۔

جناب چیئرمین! سیلاب کی وجہ سے لوگ تباہی کا شکار ہیں۔ بلوچستان اور KP میں آٹے کی بوری 3300, 2500 روپے میں بک رہی ہے۔ سیلاب زدہ علاقوں میں آٹا اور foodstuff نہیں پہنچ رہا لیکن ہم یہاں سب اچھے کی رپورٹ دے رہے ہیں۔ خدارا سب اچھے کی رپورٹ دینے سے باز آئیں۔۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ ماشاء اللہ آپ کو economy پر بڑا عبور حاصل ہے۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب چیئرمین! میں صرف ایک point بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارا ملک import oriented country ہے، جب ڈالر ایک روپیہ بڑھتا ہے تو ملک کو 75 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے اور جب دس روپے بڑھتا ہے تو ساڑھے سات سو ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ ایک گورنمنٹ بالکل smooth چل رہی تھی، دسمبر میں 174, 172 روپے کا ڈالر تھا، جب ایماندار پیپلز پارٹی، PML(N) اور مُلا اکٹھے ہوئے تو انہوں نے کہا کہ مہنگائی ہے، ہم مہنگائی مارچ کر رہے ہیں، ہم ملک کو بچانے کے لیے نکل رہے ہیں، یہ ایسا بچانے کے لیے نکلے ہیں کہ ڈالر 172 سے 240 پر لے گئے ہیں۔ پاکستانی عوام ہر سال پانچ ہزار ارب کا گلہ کٹوائے گی، ہر سال پانچ ہزار ارب کا ٹیکا لگے گا۔ اس مہنگائی کی وجہ سے جب کوئی غریب آدمی اپنا موٹر سائیکل نکالتا ہے تو اس کے لیے پیٹرول استعمال کرتا ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر ثانیہ نشتر صاحبہ۔

Senator Dr. Sania Nishtar

سینیٹر ڈاکٹر ثانیہ نشتر: جناب چیئرمین! جب ہم یہاں آتے ہیں تو چائے پیتے ہیں، ہمیں ایک آدمی چائے serve کرتا ہے، جس کا نام عامر ہے، وہ بہت اداسی سے ایک کونے میں کھڑا ہوتا ہے،

آج جب میں نے اس سے بات کی تو مجھے معلوم ہوا کہ اس کی تنخوا 25ہزار ہےاور اس کا بجلی کا بل 18ہزار آیا ہے۔ سینیٹر محسن عزیز صاحب نے ابھی جو back of the envelope calculation کی ہے اگر میں اسے دیکھوں تو پانچ لوگوں کا پیاز، روٹی کے خرچے کا20ہزار لگتا ہے تو عامر کی فیملی کیا کرتی ہو گی، اس کے بچے اور والدین بھی ہیں۔ یہاں پر diabetes کی دوائیوں کی قیمتوں کی بات ہو ئی ، ہر گھر میں diabetes ہے۔ چیئرمین صاحب، ہم inflation, economy کو numbers کے context میں لیتے ہیں، ہم لوگوں کی suffering سے بہت دور ہو گئے ہیں، جو سفید پوش آدمی ہے جو کلرک ہے جو -/Rs.40000 گھر لے جاتا ہے، factory worker کی تنخواہ -/Rs.70000 ہے جو سفید پوش کسی ریسٹورنٹ میں کام کرتا ہے، ہم ایسے لوگوں کی مشکلات سے بہت دور ہو گئے ہیں۔ آج پاکستان میں جتنی inflation ہے، اتنی inflation کبھی بھی نہیں تھی۔ میرے سارے colleagues اس پر بات کر چکے ہیں لیکن صرف inflation نہیں بلکہ آج پاکستان کے economic indicators برے ہیں، غالباً ہماری history میں کبھی ایسے نہیں رہے۔

جناب! آپ dollar کو دیکھ لیں، آپ reserves کو دیکھ لیں، اس وقت ہمارے reserves largely deposits پر based ہیں اور یہ کتنا precarious ہے، اس کو economists مجھ سے بہتر جانتے ہیں۔ آپ unemployment rate دیکھ لیں، آپ plight of capital دیکھ لیں، آپ GDP کی value دیکھ لیں، آپ different قسم کے deficits دیکھ لیں اور آپ ہمارے bond value کو بھی دیکھ لیں جس نے اتنی plummet کبھی نہیں کی تھی۔ If there is one thought, I would like to leave you with, وہ یہ ہے کہ سیاسی عدم استحکام میں دنیا کی کوئی economy ٹھیک نہیں ہو سکتی اور آپ اس سیاسی عدم استحکام میں کوئی genius بھی لے آئیں، آپ کوئی nobel prize winner بھی لے آئیں، وہ اس economy کو ٹھیک نہیں کر سکے گا۔ ہم اگر insist کرتے رہیں کہ elections اپنے وقت پر ہوں گے تو کیا ہماری یہ economy اس نقصان کی متحمل ہو سکتی ہے، میں اس کا جواب Treasury benches پر ہی چھوڑ دیتی ہوں کہ وہ بالکل dispassionately اس بات کا جواب دیں۔

جناب! میں indicators پر بات نہیں کروں گی، میں اس چیز پر بات نہیں کروں گی کہ ہماری حکومت نے کیا کیا اور اب کیا ہو رہا ہے کیونکہ میرے colleagues اس پر بہت بہتر طور پر تبصرہ کر چکے ہیں۔ میں اس چیز پر بات کرنا چاہتی ہوں کہ ایسا کیوں ہے، میں by training physician ہوں تو میں ہر چیز کو doctor lens سے بھی دیکھتی ہوں۔ جب کسی کو بخار ہوتا ہے تو آپ اس کو صرف panadol سے treat نہیں کرتے۔ آپ دیکھتے ہیں کہ problem کیا ہے، کیا اس کو cancer ہے، کیا اس کو infection ہے، اگر infection ہے تو کس جگہ پر infection ہے اور کونسی antibiotic استعمال ہو گی، آپ cause کو ڈھونڈتے ہیں۔ جناب! ہمیں cause دیکھنا چاہیے کہ ہمارے ملک میں یہ کیوں ہو رہا ہے، بار بار یہ crisis۔

جناب! میں پانچ چیزوں پر مختصراً بات کرنا چاہتی ہوں۔ سب سے پہلے یہ ہے کہ ہمارے ملک میں accountability نام کی کوئی چیز نہیں ہے اور میری accountability سے مراد politically victimisation politically vendettas اور NAB کے دائرہ کار میں جو کچھ ہوتا ہے، وہ نہیں ہے۔ Accountability کا یہ مطلب ہے کہ ایک national polity میں clear policy direction ہو، اس کے goals ہوں، اس کے indicators ہوں، اس کے targets ہوں، اس کی clear policies ہوں اور پھر آپ کسی کو جوابدہ ٹھہرائیں آپ نے کیا کیا ہے۔ لیکن ہمارے ملک میں اس قسم کوئی بھی چیز نہیں ہے۔ ابھی سینیٹر شوکت ترین صاحب نے کہا کہ جو cycle تھا، جہاں پر rupee massively under value ہوا تھا، اس کی وجہ سے ہماری exports کو نقصان ہوا، اس کی وجہ سے imports بڑھے، اس کی وجہ سے deficits accentuate ہوئے۔ اس کی کوئی accountability یا جوابدہی نہیں ہے۔ پاکستان میں Fiscal Responsibility and Debt Limitation Act ہے، اس کو بارہا violate کیا گیا، ہم نے بارہا loans لئے، ان کو in a way of un-transparent unproductive projects پر لگایا، اس کی کوئی جوابدہی نہیں ہے۔ آپ circular debt دیکھ لیں، آپ energy policy دیکھ لیں، آپ petroleum policy دیکھ لیں اور آپ بہت سی foreign policies دیکھ لیں، کسی

کی بھی جوابدہی نہیں ہے۔In the nuts and bolts level آج سے جو relevant چیز ہے۔ ہماری حکومت نے چھ ماہ لگا کر احساس راشن رعایت کا نظام بنایا تھا ، یہ food commodities subsidies target کرنے کے لیے تھا جو پانچ مہینے کے بعد for no reason بند کر دیا گیا، اس کے لیے کون جوابدہ ہے کہ there is no accountability within the system.

جناب! دوسری بات یہ ہے کہ ہمارا incentive system بالکل screwed ہے اور میری incentives سے مراد تنخواہ اور pay or perks نہیں ہے، incentive سے مراد ہے کہ what drives the system. یہاں پر ایک روایت پڑ چکی ہے کہ آپ ان bureaucrats کو reward کرتے ہیں جن کی political allegiances ہوں۔ جس system میں نہ کوئی accountability ہو، جہاں پر bureaucrats کو for political allegiances reward کیا جائے، یہ ایک ملک کی progress کے لیے toxic combination ہوتا ہے۔

جناب! میں 2013 میں پہلی مرتبہ Federal Minister بنی تھی، میں caretaker حکومت میں دو ماہ کے لیے وزیر بنی تھی جب میری وزارت ختم ہوئی تو میں نے ایک paper لکھا تھا جو Lancet میں publish ہوا تھا، Lancet بڑی مشکل سے publication لیتا ہے، وہ "Reflections for a Tenure of a Minister" تھا، میں آپ کو بھی circulate کروں گی، اگر آپ مناسب سمجھیں تو سب کو بھیج دیں۔ اس کا crux یہ تھا کہ government focuses on everything except the things that matter for its performance. آپ elections جیتتے ہیں، آپ Cabinet بناتے ہیں، آپ لوگوں کو عہدوں پر لگاتے ہیں لیکن performance, accountability and incentive کا جو combination ہے، آپ اس پر کام ہی نہیں کرتے، you set up the government to fail. میرا دوسرا یہ point تھا۔

جناب! میرا تیسرا point یہ ہے کہ ہم نے institutional process کو بالکل مسمار کر دیا ہے اور اس کو تباہ کر دیا ہے۔ ہم نے اس کی ابھی ایک illustration دیکھی ہے جب

وزیر اعظم نے یہ کہا کہ اگر ہمارے ملک کو debt relief نہ ملا ، I do not know, exactly what he said but he said کہ ہم بالکل تباہ ہو جائیں گے۔ It will be a crisis, if we do not get that relief. Look, what it did to bond value, the bond value crashed. ہمارا system function کر رہا ہوتا یا اگر decisions makers value کرتے، I would have assumed کہ ان کو properly brief کیا جاتا کہ آپ نے bond and commercial debt, Sukuk کو differentiate کرنا ہے، from the Paris Club and the rest of bilateral debt لیکن ایسا نہیں ہوا۔ جو بھی line Ministry ہے یا جو بھی system ہے یا جو بھی foreign office تھا یا جو بھی لوگ تھے، شاید انہوں نے ان کو یہ بھی brief نہیں کیا کہ Paris Club کے 60% debts already reschedule for 38 years in 2000 and 2001 ہو گئے تھے اور Economic Survey 2002 and 2003 میں یہ actually articulated ہے۔

جناب! ہم نے institutional processes کو systematically decimate کیا ہے جو rules, policies, procedures and secretary کی advice ہیں، technical لوگوں کی بات سننا، یہ بالکل ہی out of fashion ہو گیا ہے۔ اس وقت ہم democracy نہیں چلا رہے، ہم monarchies چلا رہے ہیں۔

جناب! میں چوتھی یہ بات کرنا چاہ رہی ہوں ، وہ یہ ہے کہ information policy ہوتی ہے، that hinges on information and evidence لیکن ہم نے اس کا بالکل disregard کیا ہے۔ ہم crisis to crisis چلتے ہیں، ہمارا sugar crisis ہے، کل wheat crisis ہو گا پھر ٹماٹر crisis آ جائے گا پھر گیس crisis ہو گا پھر urea کا crisis ہو گا پھر قیمتیں اوپر جائیں گی پھر ہم import کریں گے پھر hoarders active ہو جائیں گے۔ ہم imports بھی کریں گے اور پھر foreign exchange کا loss ہو گا۔ یہ cycle repeat ہوتا جائے گا، یہ کیوں ہو رہا ہے، اس لیے ہو رہا ہے کہ ہم نے information and evidence کے systems dismantle کر دیے ہیں۔ ہم

صرف وہ سننا چاہتے ہیں جو ہم سننا چاہتے ہیں۔ ہمیں جو information لا دیتا ہے، اس نے کبھی conflict of interest sign نہیں کیا ہوتا، ہمیں جو information لا کر دیتے ہیں، وہ last minute میں Cabinet میں لا کر دیتے ہیں، یہ بتانے کے لیے کل اگر اس چیز کی price مقرر نہیں کی تو آسمان گر جائے گا اور اس کی shortage ہو جائے گی۔ ہم کبھی بھی اس بات پر focus نہیں کرتے کہ information کے independent different sources ہوتے ہیں، surveys ہوتے ہیں، surveillance ہوتا ہے، international market prices دیکھنی ہوتی ہیں، local market کی independently prices دیکھنی ہوتی ہیں، آپ نے within sector triangulation کرنی ہوتی ہے، across the sector triangulation کرنی ہوتی ہے۔ آپ نے independent لوگوں کی آواز سننی ہوتی ہے، آپ نے over weeks consultations کرنی ہوتی ہیں پھر آپ نے fiscal decisions کرنے ہوتے ہیں اور ہم نے یہ systems بالکل dismantle کر دیے ہیں۔

جناب! میری پانچویں اور آخری بات یہ ہے کہ ہم politics کو ایک power struggle سمجھتے ہیں۔ چیئرمین صاحب، اس وقت 13 جماعتیں کابینہ میں بیٹھی ہوئی ہیں، وہ NAB پر تو consensus کر سکتی ہیں، کیا وہ اس چیز پر consensus نہیں کر سکتیں کہ وہ data analytics استعمال کر کے جو tax evaders ہیں انہیں نوٹس بھیجا جائے اور اپنا revenue deficit پورا کیا جائے۔ کیا وہ un-taxed sector کو tax کرنے کا فیصلہ نہیں کر سکتیں، کیا وہ minimum wage پر سے stay order ختم نہیں کر سکتے۔ ہمیں ہر sector میں پچھلے ستر سالوں سے across party consensus کی ضرورت رہی ہے چاہے وہ education reform ہو، health reform ہو، energy reform ہو یا water reform ہو اور ہر مرتبہ جب reform minded لوگ جو paper لکھتے ہیں تو ان کا opening paragraph یہ ہوتا ہے کہ ہمیں policy consistency چاہیے کیونکہ ایک حکومت ایک چیز کرتی ہے، دوسری حکومت اسے ہٹاتی ہے اور تیسری حکومت تیسری چیز کرتی ہے۔ 13 جماعتیں جو کابینہ میں بیٹھی ہوئی ہیں کیا یہ صرف NAB Laws میں ترامیم کے لیے

I ask them, there is only chance to get policy آئی تھیں۔ consistencyانہوں نے کیوں نہیں کیا۔

جناب چیئرمین! میں آخر میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ ہم پھر crisis to crisis lurch کریں گے اور آپ اور ہم اس ایوان میں بیٹھ کر اگلے سال، اس سے اگلے سال اور اس سے اگلے سال یہی باتیں کریں گے اگر ہم نے یہ بنیادی چیزیں اور بنیادی ستون ٹھیک نہیں کیے۔ اگر ہم نے accountability کا mechanism ingrain نہیں کیا، اگر ہم نے performance and incentives کی alignment in the right order نہیں کی، اگر ہم نے information and evidence کو جو اس کی due importance ہے اور جو institutional structures ہیں انہیں main stream نہیں کیا، اگر ہم نے اپنے اداروں کی respect نہیں کی اور اگر ہم politics کو صحیح معنوں میں politics نہیں سمجھتے اور اس میں سب سے بڑا pillar corruption کی روک تھام ہے۔ It augurs no confidence in the people and the system کہ تین چوتھائی کابینہ پر مقدمات ہیں۔ میں آخر میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ سب کو یہ سمجھنا چاہیے کہ آج آپ افلاطون کو بھی لے آئیں، آپ کسی noble prize winner کو بھی لے آئیں، یہ جو سیاسی عدم استحکام ہے، اس کے ہوتے ہوئے کسی بھی ملک کی معیشت ٹھیک نہیں ہو سکتی ہے اور ہماری بھی نہیں ہو گی۔ جو الیکشن کو ملتوی کرتے جا رہے ہیں، they will be ultimately responsible for the heavy price this county will pay. We are accountable to that person جو ہمیں باہر چائے پلاتا ہے اور وہ yardstick ہے جس سے ہم judge کیے جائیں گے،
so we must understand the cost of our decisions. Thank you very much.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ محترم سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان صاحب۔

Senator Hidayatullah Khan

سینیٹر ہدایت اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! (عربی) میں نے قرآن کی آیت پڑھی ہے جس میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نیک کاموں میں ایک دوسرے کے ساتھ

تعاون کرو۔ برے اور غلط کاموں میں ایک دوسرے کا ساتھ نہ دو۔ پہلے تو میں کل کی بات کرتا ہوں کہ ہمارے سینیٹر محترم سیف اللہ نیازی صاحب کے ساتھ جو رویہ اختیار کیا گیا ہے جس کی میں پرزور مذمت کرتا ہوں اور چونکہ یہ شریف النفس انسان ہیں اور میں اللہ کو حاضر و ناظر جان کر کہتا ہوں کہ اس آدمی کی شرافت کی میں گواہی دیتا ہوں کہ یہ کتنا اچھا اور صحیح آدمی ہے۔ میں نے کل بھی کہا تھا کہ یہ الگ بات ہے کہ ہمارا صوبہ کون سا ہے اور ہماری جماعت کون سی ہے لیکن جس آدمی میں کوئی خوبی ہوتی ہے تو اللہ کا حکم ہے کہ آپ اس کے بارے میں صحیح گواہی دیں۔ اس لیے نیازی صاحب کے ساتھ جو واقعہ پیش آیا ہے جناب چیئرمین آپ اس کی صحیح تحقیقات کریں اور اسے جس کمیٹی میں بھی بھیجنا چاہتے ہیں اسے بھیجیں اور جن لوگوں نے زیادتی کی ہے ان کو باقاعدہ سزا دی جائے۔

دوسری بات ساتھیوں نے سیلاب کے بارے میں شروع کی ہے۔ جب سیلاب آیا تو ہمارے محترم وزیراعظم صاحب نے 25 اگست کو ایک اجلاس بلایا اور انہوں نے سیلاب کے بارے میں کافی باتیں کیں، اس کے علاوہ تمام صوبوں کے نمائندگان نے جس میں بلوچستان، خیبر پختونخوا، پنجاب وغیرہ نے جو بھی نقصانات ہوئے تھے ان کے بارے میں وزیراعظم صاحب کو آگاہ کیا۔ اس کے بعد 26 اگست کو ہر صوبے سے ایک کمیٹی بنائی گئی۔ ہمارے صوبے سے بھی ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں مجھے بھی ایک کارکن کی حیثیت سے لیا گیا کہ آپ بھی اس کمیٹی میں شامل ہو کر اپنے صوبے کا خیال رکھیں گے۔ اس کا notification جاری ہوا، ہمیں فوراً کہا گیا کہ آپ جائیں اور لوگوں سے معلومات حاصل کریں، نقصانات کا تخمینہ لگائیں اور اس کی رپورٹ ہمیں بھجوائیں۔ ہم تو اس چکر میں وہاں چلے گئے، وہاں بیٹھے رہے، صبح سے ہی وزیراعظم ہاؤس سے ہماری حاضری لیتے رہے، وہاں سے ہم سے پوچھا جاتا کہ آپ کہاں ہیں، میں کہتا کہ میں چارسدہ میں ہوں، پھر دوپہر کو پوچھتے تھے کہ اب کہاں ہیں تو میں کہتا تھا کہ اب نوشہرہ پہنچ گیا ہوں، پھر پوچھتے تھے تو میں کہتا تھا کہ سوات پہنچ گیا ہوں، میں صرف D.I. Khan نہیں گیا کیونکہ وہاں پر مولانا صاحب کی ذمہ داری تھی۔ اس کے بعد مجھے کافی مایوسی ہوئی، جس طرح سے میرے ساتھیوں نے بھی کہا کہ ہم سے روزانہ تو پوچھتے ہیں، پندرہ روز تک میں اسی چکر میں رہا کہ اوپر سے ہمیں کوئی من و سلویٰ نازل ہوگا، ہمیں کچھ دیں گے اور ہم اسے تقسیم کریں گے اور لوگ مجھ سے پوچھتے تھے کہ اعلان ہوا تھا اور آپ کمیٹی کے رکن تھے اور ہمارے مفادات کا تحفظ کرنا تھا، کہاں ہے آپ کی کمیٹی۔ میں نے بار بار انہیں فون کیا اور آخر میں

ایک بار مجھے ان کا فون آیا کہ آپ کہاں ہیں تو میں نے کہا کہ میں دریا کے کنارے بیٹھا ہوں، مچھلیاں پکڑ رہا ہوں لیکن سیلاب کی وجہ سے مچھلیاں بھی بہہ گئی ہیں، یہاں پر کچھ بھی نہیں ہے۔ اس کے بعد میں نے ان سے کہا کہ آئندہ کے بعد مجھے کوئی فون بھی نہ کرے۔ اگر آپ نے فون کیا تو اچھا نہیں ہو گا، کیوں مجھے بار بار آپ فون کرتے ہیں اور کچھ بھی نہیں دیتے۔ NDMA والے تو فون تک نہیں اٹھاتے، ان کے کسی بھی department نے فون نہیں اٹھایا۔ میں نے پارلیمنٹ میں ڈپٹی سپیکر، درانی صاحب سے کہا کہ ہم کس کمیٹی میں بیٹھے ہیں تو انہوں نے ہمارے صوبے کی کمیٹی بلائی، اس دن ہمارے وزیراعظم صاحب D.I. Khan گئے تھے، خود بھی نہیں تھے اور نہ ہی ان کا کوئی نمائندہ تھا، نہ وہاں پر ہمارے جو comments لکھے گئے تھے اس کا بھی کوئی result نہیں آیا۔ میں آپ کو ایک بات بتاتا ہوں کہ جن لوگوں کا حق تھا انہیں ان کا حق نہیں ملا، میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں اور جن لوگوں کا حق نہیں تھا انہوں نے وہ سامان مارکیٹوں میں بیچا اور لوگوں کو پیسے بھی نہیں ملے۔ قوم دو حصوں میں تقسیم ہو گئی، ایک اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ سیلاب دوبارہ آ جائے، دوسرے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سیلاب نہ آئے۔ جن لوگوں نے پرائے کا حق کھایا ہے وہ دعا کرتے ہیں کہ سیلاب دوبارہ آئے اور ہم پیسے کھائیں اور جن لوگوں کو اپنا حق نہیں ملا وہ بے چارے ابھی بھی بے گھر بیٹھے ہیں اور کوئی انہیں پوچھنے والا نہیں ہے، میں صاف بات کرتا ہوں، یہ سب میرے سامنے ہوا ہے۔

ان لوگوں کو ابھی تک کوئی package نہیں ملا ہے، میں یہ کہتا ہوں کہ اوپر سے تو اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں پر عذاب نازل کیا، نیچے سے لوگوں نے ان کا حق کھا لیا تو وہ کہاں جائیں۔ مرکزی حکومت کے ساتھ ساتھ میں صوبائی حکومت سے گلہ کروں گا کیونکہ وہاں صوبائی حکومت نے بھی کوئی ایسا کارنامہ انجام نہیں دیا جسے ہم یاد رکھیں۔ جہاں تک مہنگائی کا تعلق ہے تو ہم کچھ نہیں کہہ سکتے کیونکہ ایک یوٹیلٹی سٹور جو مرکز کے پاس ہے میں نے چھ مرتبہ وزیر صاحب کو درخواست دی، انہوں نے میری درخواست M.D. کو بھجوائی، M.D. نے آگے بھیج دی۔ ابھی تک اس پر کسی کو ایک تھیلا آٹے کا نہیں ملا۔ میں نے 8 مرتبہ درخواست لکھی ہے۔ مجھے بار بار کہتے ہیں کہ جدھر بھی آپ چاہیں گے آپ کو آٹا ملے گا۔

جناب چیئرمین! ہمارے ساتھ یہ سلوک کیوں ہو رہا ہے؟ دوسرا یہ ہے کہ اگر ہمارے صوبے میں آٹا 2300 روپے میں مل رہا ہے اور پنجاب میں 1100 میں مل رہا ہے تو کیا ہم گلہ نہیں کریں گے۔ کیوں نہیں کریں گے۔ ہمارے غریب لوگوں کے ساتھ یہ ظلم کیوں ہو رہا ہے۔ جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کہ آٹا تو چھوڑ دیں وہ تو ایک الگ مسئلہ ہے۔ یہ چلتا رہے گا۔ چینی، گھی، دال، چاول، ٹماٹر اور پیاز وہ بھی چھوڑ دیں لیکن ہمارے ہاں سب سے بڑا مسئلہ آج کل دہشت گردی کا ہے۔ آج کل بھتہ خوری کا ہے۔ دہشت گردی ایک طرف اور بھتہ خوری دوسری طرف کاروباری لوگ جیسا کہ دلاور خان صاحب اور فیصل صاحب وغیرہ ہیں وہ نقل مکانی کرکے اسلام آباد آگئے یا کاروبار کے لیے لاہور چلے گئے ہیں۔ ہمارے ہاں اب کوئی کاروباری بندہ نہیں ہے۔ لوگ آنے جانے کے لیے پشاور ایئرپورٹ استعمال کرتے تھے۔ میں اس کے بارے میں بھی آپ کو بتا دوں کہ آج باچا خان ایئرپورٹ پشاور میں چھ مقامات پر پھاٹک لگے ہوئے ہیں۔ جو بھی بندہ ان چیک پوسٹوں سے گزرتا ہے ایسا سمجھو کہ وہ پل صراط سے گزرتا ہے۔ پاسپورٹ دکھاؤ، شناختی کارڈ دکھاؤ اور فلاں چیز دکھاؤ۔ ان کو پابند بنائیں کہ ایک ہی چیک پوسٹ پر آپ تلاشی لے لیں۔ ان تلاشیوں سے لوگ تنگ آکر اب اسلام آباد آتے ہیں۔ نہ راستے میں کوئی چیک پوسٹ ہے بلکہ ایئرپورٹ کے اندر بھی کوئی چیک پوسٹ نہیں ہے۔ لوگ سیدھا جاتے ہیں۔ اب پشاور ایئرپورٹ پر کون جائے گا؟ میں کہتا ہوں کہ یہ لوگوں کے ساتھ بہت زیادتی کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں اب تمباکو کی طرف آتا ہوں جو کہ ہمارے صوبے کی پیداوار ہے۔ آج کل یہی ایک ہی چیز ہمارے پاس رہ گئی ہے جس میں لوگوں کو کچھ روزگار مل سکتا تھا۔ چلو! کارخانہ دار چھوڑ دیں۔ وہ تو کارخانہ یہاں سے اٹھا کر کشمیر میں لگا دے گا۔ یہاں سے اٹھا کر پنجاب میں لگا دے گا لیکن وہاں کے غریب لوگوں کے ساتھ یہ زیادتی کیوں ہو رہی ہے۔ جن کی زمینیں ہیں ان کے ساتھ یہ زیادتی کیوں ہو رہی ہے۔ وہاں پر جو مزدور اور کاشتکار ہیں وہ خرچہ کرتے ہیں تو ان کا خرچہ بھی پورا نہیں ہوتا۔ کیوں! اس لیے کہ ہمارے ساتھ یہ زیادتی ہو رہی ہے۔ ہمارے سابق وزیر خزانہ صاحب نے بڑی اچھی باتیں کی تھیں۔ یہ سب لوگوں کے علم میں ہے کہ ہمارے صوبے کے ساتھ یہ ظلم اور زیادتی ہو رہی ہے۔ ہم نے ہر وقت دفاع پاکستان کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ یہ نہیں کہ ہم نے مغربی سرحد پر قربانیاں دی ہیں بلکہ ہم نے الحمدللہ مشرقی سرحد پر بھی قربانیاں دی ہیں۔ کشمیر تک ہمارے

شہدا دفن ہوئے ہیں۔ ہم نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ یہ صوبہ ہمارا نہیں ہے۔ ہم اس معزز ایوان سے پوچھتے ہیں کہ کیا ہم کسی کے غلام ہیں۔ کیا یہ صوبہ ہمیں کسی بھیک میں دیا ہے۔ یہ صوبہ اس ملک کے اندر واقع نہیں ہے۔ یہ صوبہ ہم افغانستان سے اٹھا کر لائے ہیں۔ یہ صوبہ اس ملک کا حصہ ہے۔ اس ملک سے ہمارے اکابرین نے انگریزوں کو اس لیے نکال دیا تھا کہ ہمیں اپنا حق ملے گا۔ ہم نے اس صوبے کو اس لیے آزاد نہیں کیا تھا کہ گوروں کو اٹھا کر کالوں کو بیٹھا دیں۔ یہ ملک ہم نے اس لیے آزاد کیا تھا کہ ہر صوبے کو اپنا حق ملے گا۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم پنجاب کے خلاف ہیں۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم سندھ کے خلاف ہیں۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم بلوچستان کے خلاف ہیں۔ ہم اپنا حق مانگتے ہیں۔ ہمارا جو بجلی کا حق ہے۔ ہمارا تمبا کو کا جو حق ہے۔

جناب چیئرمین: حاجی ہدایت اللہ خان صاحب، شکریہ۔ بس ختم کریں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: ایک منٹ۔ ایک آدمی ایک دکاندار کے پاس گیا تھا۔ اس دکاندار سے غلطی ہو گئی۔ اس نے کوئی چیز غلط لکھ دی۔ اس دکاندار نے کہا کہ بس مجھ سے غلطی ہو گئی ہے۔ تم کسی کو نہ بتاؤ کہ یہ دکاندار خیانت کرتا ہے۔ تم یہ چیزیں لے لو اور مجھے پیسے بھی نہ دو۔ وہ بندہ ہر جمعے کے دن اس دکاندار کے پاس آتا اور اس سے مفت چیزیں وصول کرتا۔ ایک دن اس دکاندار نے کہا کہ میرے علاوہ اس طرح غلطی کسی اور نے نہیں کی ہے کہ آپ اس کے پاس بھی جایا کریں۔ میرے پاس تو ہر جمعے کو آتے ہیں۔ یہ غلطی صرف میں نے کی ہے۔

جناب چیئرمین! میں یہ کہتا ہوں کہ صرف تمبا کو آپ کو نظر آتا ہے۔ پورا پاکستان اس کے پیچھے پڑا ہوا ہے۔ چوری صرف یہی ہوتی ہے۔ اگر سمگلنگ ہوتی ہے تو لوگ مجبوراً سمگلنگ کرتے ہیں۔ اگر پٹرول ایران سے آتا ہے تو وہ لوگ مجبوراً خریدتے ہیں کیونکہ آپ لوگوں نے 250 روپے فی لیٹر ریٹ مقرر کر دیا ہے۔ کون خرید سکتا ہے۔ لوگوں نے گاڑیاں کھڑی کر دی ہیں۔ غم اور خوشی میں لوگوں نے جانا چھوڑ دیا ہے۔ اس ملک میں مریض اور دوائیوں کا مسئلہ الگ ہے۔ خدا کے لئے اس کی طرف بھی دیکھیں۔

جناب چیئرمین! ہمارے نئے وزیر خزانہ صاحب آ گئے ہیں۔ کل وہ ان شاء اللہ حلف اٹھائیں گے۔ یہ آخری امید کی کرن ہے۔ اگر ان سے بھی معاملہ نہیں سلجھا اور معاملات ٹھیک نہ ہوئے تو پھر اس ملک کا خدا حافظ ہے۔ جناب چیئرمین! میں آخری مرتبہ پھر یہ کہتا ہوں بڑے ادب کے ساتھ کہ

آپ کا تعلق صوبہ بلوچستان سے ہے۔ سب ہمارے بھائی ہیں۔ ہمارے صوبے کا مرکزی حکومت پر بجلی کی مد میں قرض ہے تو آپ ان کو لکھیں کہ بھئی ان کو اپنے پیسے دے دیں۔ اب بھی ہمارے 445 billion روپے مرکز کے پاس قرض ہیں۔ یہ قرض ہمیں دے دیں تاکہ ہمارا صوبہ بھی ترقی کرے۔ NFC Award تو ویسے ہی چلا گیا۔ آپ نے فاٹا کو دیا نہیں۔ جناب چیئرمین! میں آخر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ:

تیرے قرآن کو سینوں سے لگایا ہم نے
تیرے کعبے کو جبینوں سے بسایا ہم نے
پر تیرے نام پر تلوار اٹھایا ہم نے
بحر ظلمات میں دوڑا دیئے گھوڑے ہم نے
پھر بھی ہم سے یہ گلہ ہے کہ وفادار نہیں

جناب چیئرمین! ہمیں اس بات پر مجبور نہ کریں کہ ہم کہیں کہ ہم وفادار نہیں تو بھی تو دلدار نہیں۔

جناب چیئرمین: جی، ابڑو صاحب۔

سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! عجیب وقت آگیا ہے کہ اپنے دوستوں سے بھی پانچ سکینڈ مانگنا پڑتے ہیں۔ گزارش یہ ہے کہ اگر کسی کا نام لسٹ میں نہ ہو تو وہ کونسا طریقہ اختیار کرے کہ اس کا نام بھی لسٹ میں شامل ہو سکے۔ آپ ہاؤس کے head بھی ہیں۔

جناب چیئرمین: میں بتاتا ہوں کہ آپ کا نام لسٹ میں ہے۔ آپ انتظار کریں۔ اگر لسٹ میں آپ کا نام شامل نہیں تو آپ اس motion پر بول نہیں سکتے۔ آپ بعد میں بول لیں۔ آپ سارے دوست تقریر کر لیتے ہیں۔ اس طرح کے گلے نہ کریں تو اچھی بات ہوگی۔ آپ بھی senior آدمی ہیں۔ شکریہ۔

Honourable Senator Aon Chaudhary Sahib.

Senator Aon Abbas

سینیٹر عون عباس: جناب چیئرمین! شکریہ۔ سب سے پہلے بتادوں کہ میرا نام عون عباس ہی ہے۔ آپ نے عون چوہدری کہہ دیا۔ Correction کر دیں۔ میں سب سے پہلے آپ کا شکریہ

ادا کروں کہ جس diplomatic way میں آپ اس ہاؤس کو چلا رہے ہیں کہ اپوزیشن اور گورنمنٹ دونوں sides کو راضی رکھ رہے ہیں۔ یہ کریڈٹ صرف آپ کو حاصل ہے۔

جناب چیئرمین: میرے لیے آپ سارے لوگ معزز ہیں۔ میں نے ہاؤس کو چلانا ہے۔ آپ لوگوں نے میرے ساتھ تعاون کرنا ہے۔ شکریہ۔ آپ کی بڑی مہربانی ہے۔ بس حوصلہ رکھیں۔

سینیٹر عون عباس: جناب چیئرمین! کل شام کو ایک video دکھی ہے جس میں، میں نے اس ملک کے وزیراعظم کو land کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ اس کے ساتھ جو ایک شخصیت آ رہی تھی تو میرا دل بھر آ گیا۔ میں نے سوچا کاش یہ چیز جو کل صبح ہونی ہے مکمل نہ ہو سکے۔ چیئرمین صاحب! آپ دوڑ گئے ہیں۔

(اس موقع پر جناب ڈپٹی چیئرمین (مرزا محمد آفریدی) نے کرسی صدارت سنبھالی)

سینیٹر عون عباس: کاش میں اسحاق ڈار کا نام نہ لیتا تو آپ بیٹھے رہتے۔ کل شام سے میں سوچ رہا تھا کہ کاش صبح یہ سچ نہ ہو کہ جو حلف والی بات چل رہی ہے یہ ایک کہانی ہی ہو لیکن آج پورے پاکستان نے دیکھا کہ ایک ایسا شخص جو آج سے پانچ سال پہلے یہاں سے مفرور ہو کر عدالتوں سے بھاگ گیا تھا۔ وہ بھی ہمارے خرچے پر بھاگ گیا تھا۔ اس وقت کے وزیراعظم کے جہاز میں بھاگ گیا تھا۔ کل بھی میرے خرچے پر اس وقت کے وزیراعظم کے جہاز میں واپس آیا۔ ایسا معجزہ تو صرف پاکستان میں ہی ہو سکتا ہے۔ جناب چیئرمین! یقین جانئے مجھے سینیٹ کا حصہ ہوتے ہوئے ایک سال ہو گیا ہے۔ ہر مرتبہ جب میں سیشن میں بیٹھتا ہوں اس آیت اور تصویر کے نیچے بیٹھ کر جتنا میں خدا کا شکر ادا کرتا ہوں اس کے لیے الفاظ کم ہیں لیکن جتنا disgraceful میں نے آج اپنے آپ کو دیکھا کیونکہ ایک ایسے شخص کو اس کرسی پر لا کر، بٹھا کر جب حلف لیا گیا یقین جانیے میرے پاس اس کے لیے بھی الفاظ نہیں ہیں۔ جناب چیئرمین! پاکستان میں جو کچھ یہ دیکھا گیا اور جتنی بڑی بارات آج پوری (ن) لیگ کی Leaderships اپنے ایک دولہے کو حلف اٹھوانے کے لیے آئی تھی اس سے بڑی شرمندگی ہمارے پاس ہے نہیں۔ اس وقت صرف چار سینیٹر بیٹھے ہیں اور ایک چور کو حلف دلوانے کے لیے پوری (ن) لیگ کی Leaderships یہاں آئی تھی۔ بی بی بات سنیں۔ میں ایک ایسے شخص کی بات کر رہا ہوں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Motion پر بات کریں۔

سینیٹر عون عباس: بی بی بات سنیں۔ وہ ممبر نہیں، ایک چور ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ chair کو مخاطب کریں۔

(اس موقع پر مختلف اراکین اپنی نشستوں پر کھڑے ہو کر بولتے رہے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: عون صاحب! آپ kindly motion پر بات کرلیں۔

سینیٹر عون عباس: چیئرمین صاحب! جس پر بی بی نے اعتراض کیا، میں صرف اس کی کہانی سنادوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ kindly motion پر بات کرلیں۔

سینیٹر عون عباس: جناب! وہ آپ کا prerogative and discretion ہے، بہت اچھی بات ہے۔ ویسے بھی جناب! صرف چار بچ گئے تھے، موقع تو ان کو ویسے ہی چاہیے تھا۔ جس شخص کی میں بات کررہا ہوں، اس کی ذرا کہانی سن لیجیے۔ جس پر اتنا اعتراض کررہے ہیں، اس کی صرف confessional statement سنادیتا ہوں۔ 25 اپریل، 2000 کو یہ صاحب بہادر جن کا آج اس ایوان میں حلف لیا گیا ہے، یہ اپنی confessional statement میں لکھتے ہیں کہ میرے پاس نواز شریف تشریف لائے اور 14 ملین ڈالرز جو کہ آج کے حساب سے ساڑھے تین ارب روپے بنتے ہیں، اور چار شناختی کارڈ میرے پاس لے کر آئے۔ طلعت قاضی، سکندر قاضی، نزہت قاضی اور ناصر میمن کے ناموں کے۔ یہ چار شناختی کارڈ دے کر کہا کہ ان لوگوں کے نام پر بے نامی اکاؤنٹس کھول دو۔ میں نے ان کے بے نامی اکاؤنٹس ساڑھے تین ارب روپے کے کھولے۔ اس کے against میں نے انہیں loan دیا جس سے حدیبیہ پیپرز مل قائم ہوئی، جس کے نتیجے میں نواز شریف اور اس کی پوری فیملی کو absconder قرار دے کر پوری کارروائی چلائی گئی۔ یہ اس شخص کی confessional statement تھی۔ یہ وہ منشی ہے جو نواز شریف کے چرائے ہوئے پیسوں کو چھپایا کرتا تھا۔ اس کو جتنا معزز بنالیں لیکن 1990 میں ساڑھے تین ارب روپے کی چوری کا محافظ یہ تھا۔ آج ہماری بدقسمتی دیکھیں کہ کل صبح اگر اسے وزیر خزانہ بنایا جاتا ہے تو بلے کو دودھ کی رکھوالی پر بٹھایا جائے گا۔ جناب! آپ یہ دیکھیے کہ ایک چور کو قومی خزانے پر بٹھایا جائے گا۔ اس سے بڑی بدقسمتی کیا ہو سکتی ہے؟

میں آج سے تین دن پرانی خبر بتا رہا ہوں، چین کے اندر سابقہ ریلوے منسٹر کو پھانسی پر چڑھایا گیا کیونکہ اس نے کرپشن کی تھی لیکن بد قسمتی دیکھیں، ہمارے ہاں سرکاری جہاز پر ایک چور کو لا کر وزیر خزانہ بنایا جا رہا ہے۔ یہ ہے میری بد قسمت قوم اور اس پر اتنا غصہ کر کے جا رہے ہیں۔ مبارک تو ایسے دے رہے تھے جیسے کوئی بہت بڑا ارسطو آ گیا ہو۔ کچھ نہیں ہونے والا۔ جس قدر economy کو انہوں نے damage کر دیا ہے، اس کے ساتھ کچھ نہیں ہو سکتا۔ یہ جو پاکستان کی economy nose dive کی طرف جا رہی ہے، [***][2]۔ اس کا صرف ایک ہی حل ہے پاکستان میں الیکشن کے ذریعے political stability لائی جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ بات expunge کر دیں۔

سینیٹر عون عباس: جناب! اگلی بات۔ آڈیو لیکس کے حوالے سے میں تھوڑی سی بات کرنا چاہوں گا۔

سینیٹر انجینیر رخسانہ زبیری: جناب! میں point out کر رہی ہوں کہ کورم پورا نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: تشریف رکھیں، کورم point out ہو گیا ہے۔ گنتی کر لیں۔

(At this stage count was made)

جناب ڈپٹی چیئرمین: کورم پورا نہیں ہے، اس لیے پانچ منٹ کے لیے گھنٹیاں بجائیں۔

(The bells were rung for five minutes)

جناب ڈپٹی چیئرمین: دوبارہ گنتی کریں۔

(Count was made)

Mr. Deputy Chairman: As the House is not in quorum, it stands adjourned to meet again on Friday, the 30th September, 2022 at 10:30 am In Sha Allah.

[The House was adjourned to meet on Friday, the 30th September, 2022 at 10:30 am]

---

[2] *[Words expunged as ordered by the Deputy Chairman.]*

Index

Dr. Aisha Ghaus Pasha ---- 106
Mr. Abdul Qadir Patel ---- 22, 42, 46, 61, 63, 64, 66, 78, 84, 85
Mr. Bilawal Bhutto Zardari ---- 16, 33, 80, 82, 90
Rana Tanveer Hussain ---- 27, 64, 66, 84, 88, 92
Senator Bahramand Khan Tangi ---- 16, 63, 65, 80, 82
Senator Danesh Kumar ---- 29, 33, 51
Senator Farooq Hamid Naek ---- 102
Senator Fawzia Arshad ---- 27, 92
Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui ---- 101
Senator Mohammad Azam Khan Swati ---- 97
Senator Mohsin Aziz ---- 97, 98, 99, 100
Senator Muhammad Tahir Bizinjo ---- 103, 104
Senator Mushtaq Ahmed ---- 22, 42, 63, 64, 77, 83
Senator Rana Mahmood ul Hassan ---- 10
Senator Rana Maqbool Ahmad ---- 105
Senator Saleem Mandviwalla ---- 61, 95, 96
Senator Samina Mumtaz Zehri ---- 50
Senator Sana Jamali ---- 105
Senator Seemee Ezdi ---- 84, 85
Senator Shahadat Awan ---- 106
Senator Syed Faisal Ali Subzwari ---- 10, 50, 51
Senator Zeeshan Khanzada ---- 87, 89
جناب شوکت فیاض احمد ترین ---- 110, 113, 108
جناب عبدالقادر پٹیل ---- 24, 25, 26, 47, 48, 49
رانا تنویر حسین ---- 28, 30, 31, 33
سینیٹر اعظم نذیر تارڑ ---- 6, 7, 9, 10, 39
سینیٹر امام دین شوقین ---- 26
سینیٹر انجینیر رخسانہ زبیری ---- 48, 141
سینیٹر بہرہ مند خان تنگی ---- 4, 18
سینیٹر تاج حیدر ---- 58
سینیٹر دلاور خان ---- 41, 126
سینیٹر دنیش کمار ---- 20, 29, 37, 40, 57
سینیٹر ڈاکٹر ثانیہ نشتر ---- 127
سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم ---- 7, 8, 9, 107
سینیٹر سید فیصل علی سبزواری ---- 57, 58, 60
سینیٹر سید محمد صابر شاہ ---- 32, 33
سینیٹر سیف اللہ ابڑو ---- 59, 138
سینیٹر شیری رحمٰن ---- 19, 20, 21, 38, 39, 42

سینیٹر عرفان الحق صدیقی ---------- 21, 47
سینیٹر عون عباس ---------- 138, 139, 140, 141
سینیٹر فوزیہ ارشد ---------- 28
سینیٹر محسن عزیز ---------- 97, 100, 101, 115, 118, 119, 120, 121
سینیٹر محمد اعظم خان سواتی ---------- 31
سینیٹر محمد طاہر بزنجو ---------- 94, 95, 122
سینیٹر محمد عبدالقادر ---------- 123, 127
سینیٹر محمد ہمایوں مہمند ---------- 102
سینیٹر مشتاق احمد ---------- 23, 25, 45, 46
سینیٹر نسیمہ احسان ---------- 40, 41
سینیٹر ہدایت اللہ خان ---------- 133, 137
سینیٹر محمد عبدالقادر ---------- 127